Zarai Taraqiati Bank Ltd. ZTBL

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

موجودہ حکومت کے دورِ اقتدار میں زرعی ترقیاتی بینک کامیابیوں کی طرف رواں دواں

اسلام آباد 27 مئی 2019: زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (زیڈ ٹی بی ایل) پاکستان میں زرعی شعبہ میں واحد سپیشلائزڈ مالیاتی ادارہ ہے جس کے ذمہ زراعت پیشہ افراد کی قرضہ کی ضروریات پوری کرکے زرعی شعبہ کی نشو نما اور ترقی کے اہم اہداف حاصل کرنا ہے۔زرعی ترقیاتی بینک سالانہ تقریباً 0.350 ملین زرعی خاندانوں کے لئے خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

بینک کے قائم مقام صدر شیخ امان اللہ کی قیادت میں بینک +AAA/A-1 ریٹنگ قائم رکھے ہوئے ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ بینک فعال مثبت ترقی اور اپنی مالیاتی پوزیشن مضبوط رکھتا ہے۔قائم مقام صدر زرعی ترقیاتی بینک شیخ امان اللہ نے اپنے 8 ماہ کے مختصر عرصہ میں بینک کی ورکنگ میں متعدد نئی چیزیں متعارف کرائی ہیں۔ بینک نے وفاقی حکومت کی قومی فنانشل انکلوژن سٹریٹجی کے مطابق مختلف اقدامات اٹھائے ہیں۔زرعی ترقیاتی بینک کا 57 سال بعد جنوری 2019 میں برانس پے منٹس کا ماڈل تبدیل کیا گیا ہے۔جو کہ اب ڈیجیٹلائزڈ ہو گیا ہے۔اور جنوری سے مئی 2019 کے دوران 140 اے ٹی ایم نصب کئے گئے ہیں۔اب لنک ون کے تعاون سے آن لائین بینکنگ کی سروس ہفتہ بھر 24 گھنٹے روزانہ میسر ہے۔زرعی بینک نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے اسلامی بینکنگ کا لائسنس لینے کے بعد اسلامی بینکنگ اپریشن کا دسمبر 2018 سے آغاز کر دیا ہے۔ہیلپ لائن کے ذریعے کسٹمرز کی سہولت دینے کیلئے کال سنٹر بھی قائم کر دیا گیا ہے۔

وفاقی حکومت کی پالیسی کی روشنی میں زراعت اور دیہی ترقی (غربت میں کمی) سکیم کے تحت زیڈ ٹی بی ایل آزاد جموں وکشمیر حکومت سے مل کر مارچ 2019 سے ایک نئی سکیم شروع کی ہے۔اب اس سکیم کے تحت زیڈ ٹی بی ایل آزاد جموں وکشمیر میں ایک ملین روپے تک 300 چھوٹے ڈیری یونٹس کو فنانسنگ کرے گا۔یہ قرضہ پانچ سال کے لئے ہوگا۔اس قرضہ کا مارک اپ آزاد کشمیر حکومت برداشت کرے گی۔زیڈ ٹی بی ایل اسی طرح کے قرضوں کی سکیموں کو وسعت دے رہا ہے۔اور اسے بلوچستان، سندھ اور گلگت بلتستان تک پھیلایا جا رہا ہے۔

مزید یہ کہ بینک ای کریڈٹ سکیم (جو کہ ایک منفرد سکیم ہے) کے ذریعہ کسانوں کو سہولیات پہنچا رہا ہے۔ حکومت پنجاب کے تحت قائم کردہ سہولت سینٹر میں کاسٹ فری رجسٹریشن کے تحت بینک نے 91000 چھوٹے قرض خواہوں کو 11 بلین روپے کے قرضے دیئے ہیں۔یہ قرضے بلاسود دئے گئے ہیں۔ اسکی بدولت 91000 زرعی شعبہ سے وابستہ افراد کو خود روزگار کی سہولت میسر ہوگئی ہے۔

زرعی ترقیاتی بینک لون پورٹ فولیو میں تنوع پیدا کرنے میں مصروف ہے اور مزید فنانسنگ کی پیداوار اور سکیمیں متعارف کرانے جا رہا ہے جیسا کہ ملک چیلنگ یونٹس، سویابین، سورج مکھی، رائی کے پودے وغیرہ کی پیداوار اور تین پہیوں والا لوڈنگ رکشا۔زرعی بینک نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی رہنمائی میں گرین بینکنگ اپریشن شروع کیا ہے جس کا مقصد موسمیاتی تبدیلی سے آگاہی اور زرعی شعبے میں بہتر تبدیلیاں لاکر فوڈ سیکورٹی کو یقینی بنانا ہے۔

زرعی ترقیاتی بینک بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے زرعی سہولت کی فراہمی کے لئے اپنے وطن میں ترسیلات زر کی خدمات انجام دے رہا ہے جس میں اسے ویسٹرن یونین اور بینک آف پنجاب کا تعاون حاصل ہے۔کسانوں کو تیز رفتار سستی آسان اور موثر بیرون ملک سے آمدہ رقوم کے لئے سہولت بہم پہنچانے کی

خاطر بینک ویسٹرن یونین کے تحت کسانوں کی خدمت کے لئے گامزن ہے اور سٹیٹ بینک آف پاکستان کی اجازت سے اسی سال اپنا سسٹم قائم کر رہا ہے۔

زرعی ترقیاتی بینک نے زرعی قرضہ جات کی کوالٹی بہتر بنانے کی طرف خصوصی توجہ دی ہے۔ زرعی بینک موجودہ انتظامیہ کی سربراہی میں روز افزوں ترقی کی منازل پر گامزن ہے۔

سعد ضیاء

انچارج (تعلقات عامہ)

فون: 0322-2222220